# خدا تک رسائی کی راہ





# خدا نے ہماری دنیا اور کُل جاندار چیزوں کو بنایا

"خدا نے ابتدا میں زمین و آسمان کو پیدا کیا" (پیدائش ۱:۱)
"کیوں کہ اسی میں سب چیزیں پیدا کی گئیں۔ آسمان کی ہوں یا زمین کی" (کلسیوں ۱:۱۶)
"تم خداوند کی طرف سے مبارک ہو۔ جس نے آسمان اور زمین کو بنایا۔ آسمان تو خداوند کا آسمان ہے لیکن زمین اُس نے بنی آدم کو دی ہے" (زبور ۱۱۵ : ۱۵ : ۱۶)

جب خدا نے زمین انسان کو دی اُس وقت یہ بہترین اور کامل تھی۔ اس کتابچہ کے مطالعہ سے معلوم کریں گے کہ اسے کیا ہوا۔

# خدا نے ہمیں بنایا



"پھر خدا نے کہا کہ ہم انسان کو اپنی صورت پر اپنی شبیہ کی مانند بنائیں۔ اور وہ تمام زمین پر اختیار رکھیں۔" (پیدائش ۱:۲۶)

# انسان جیتی جان ہوا

"اور خداوند خدا نے زمین کی مٹّی سے انسان کو بنایا اور اس کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکا تو انسان [جیتی جان[1]] ہوا۔" (پیدائش ۲ : ۷)

"اور خدا نے کہا کہ آدم کا اکیلا رہنا اچھا نہیں۔ میں اس کے لئے ایک مددگار بناؤں گا........ اور خداوند خدا نے آدم پر گہری نیند بھیجی اور وہ سو گیا اور اُس نے اُس کی پسلیوں میں سے ایک کو نکال لیا اور اُس کی جگہ گوشت بھر دیا۔ اور خداوند خدا اُس پسلی سے جو اُس نے آدم میں سے نکالی تھی ایک عورت بنا کر اُسے آدم کے پاس لایا۔" (پیدائش ۲ : ۱۸، ۲۱-۲۲)

ع۱ : جیتی جان سے مراد ہے کہ ہم ابد تک کہیں رہیں گے۔

# آدم اور حوّا نے خدا کی نافرمانی کی



ہمیں شیطان کی بات کبھی نہیں ماننی چاہیے۔

" اور خداوند خدا نے آدم کو لے کر باغِ عدن میں رکھا کہ اُس کی باغبانی اور نگہبانی کرے۔ اور خداوند خدا نے آدم کو حکم دیا اور کہا کہ تو باغ کے ہر درخت کا پھل بے روک ٹوک کھا سکتا ہے لیکن نیک و بد کی پہچان کے درخت کا کبھی نہ کھانا کیونکہ جس روز تو نے اُس میں سے کھایا تو مرا۔" (پیدائش ۲: ۱۵-۱۷)

سانپ، جو ابلیس اور شیطان کہلاتا ہے، نے خدا کے اختیار کو چیلنج کیا اور جھوٹ بولا۔

"اور سانپ نے عورت سے کہا، تم ہرگز نہ مروگے ۔تب عورت نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کے لئے اچھا اور آنکھوں کو خوشنما معلوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کے لئے خوب ہے تو اس کے پھل میں سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا اور اُس نے کھایا۔" (پیدائش ۳: ۴، ۶)

# آدمؑ اور حوّاؑ اس کے بعد باغ میں نہ رہ سکے



”خداوند خدا نے اُس کو باغِ عدن سے باہر کر دیا تاکہ وہ اُس زمین کی جس میں سے وہ لیا گیا تھا کھیتی کرے .....
اور کروبیوں کو اور چوگرد گھومنے والی شعلہ زن تلوار کو رکھا کہ وہ زندگی کے درخت کی راہ کی حفاظت کریں“(پیدائش ۳: ۲۳، ۲۴)

# آدمؔ اور حوّاؔ کے گناہ کرنے کا دن نوعِ انسان کے لئے افسوس کا دن تھا



”ایک آدمی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیا اور گناہ کے سبب سے موت آئی اور یوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی“(رومیوں ۵ : ۱۲)

## یاد رکھنا ہے

ہر شخص گنہگاری کی فطرت کے ساتھ پیدا ہوا ہے اور ایک دن وہ مریگا کیونکہ گناہ کے سبب سے موت آئی ہے۔ (پھر پڑھئے رومیو ۵ : ۱۲)

# گناہ سے ہماری نجات کیلئے اپنے بیٹے کو بھیجنا خُدا کا منصوبہ تھا۔



"اور وہ بیٹا جنے گی اور
اُس کا نام یسوع رکھنا کیونکہ
وہی اپنے لوگوں کو ان کے گناہوں
سے نجات دیگا۔" (متی ۱:۲۱)

انسان ہونے کے لئے خدا کا بیٹا انسانی بچّے کی شکل میں آیا۔

"کیوں کہ اُلوہیّت کی ساری معموری اُسی (یسوع مسیح) میں مجسّم ہو کر
سکونت کرتی ہے۔" (کلسیوں ۲:۹)

# انسانی شکل میں۔ یسوعؐ خدا ہے

"ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔
.... اور کلام مجسّم ہوا اور ہمارے درمیان رہا۔" (یوحنا ۱:۱، ۱۴)

"یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ جو خداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پورا ہو کہ 'دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عِمّانوایل رکھیں گے۔ جس کا ترجمہ ہے خدا ہمارے ساتھ۔'" (متی ۱:۲۲، ۲۳)

"اس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولّد ہوا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہوگی اور اُس کا نام عجیب مشیر خدائے قادر ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ ہوگا۔" (یسعیاہ ۹:۶)

# یسوع مسیح
# ہماری کامِل قربانی



"جو گناہ سے واقف نہ تھا" (۲ کرنتھیوں ۵:۲۱)

"نہ اُس نے گناہ کیا" (۱ پطرس ۲:۲۲)

کوئی اور قربانی انسان کو گناہ سے نجات دینے کیلئے کافی نہ تھی۔

"کیوں کہ ممکن نہیں کہ بیلوں اور بکروں کا خون گناہوں کو دُور کرے" (عبرانیوں ۱۰:۴)

"یسوع خدا کا برّہ ہے۔ "دیکھو خدا کا برّہ جو دنیا کے گناہ اُٹھائے جاتا ہے" (یوحنا ۱:۲۹)

# یسوع نے ہمیں بچانے کے لئے اپنی جان دی

یسوع کو لکڑی کی صلیب پر کیلوں سے جڑا گیا کیوں کہ ظالم لوگ اس سے نفرت کرتے تھے لیکن اس کی موت خدا کے منصوبے میں تھی۔ یسوع نے تم کو اور مجھ کو، ہمیں ہمارے گناہوں سے بچانے کیلئے اپنی مرضی سے اپنی جان دی۔

یسوع نے کہا "کوئی اِسے (میری جان) مجھ سے چھینتا نہیں بلکہ میں اُسے آپ ہی دیتا ہوں۔ مجھے اس کے دینے کا بھی اختیار ہے اور اسے پھر لینے کا بھی اختیار ہے۔" (یوحنا ۱۰:۱۸)

## ہمیں خدا کے بّرے کے خون سے نجات ملی ہے

"تمہاری خلاصی فانی چیزوں یعنی سونے چاندی کے ذریعے سے نہیں ہوئی۔ بلکہ ایک بے داغ اور بے عیب بّرے یعنی مسیح کے بیش قیمت خون سے ہوئی۔" (۱ پطرس ۱:۱۸-۱۹)


## کوئی اور قربانی گناہ سے مخلصی نہیں دیتی

"ہم یسوع مسیح کے جسم کے ایک ہی بار قربان ہونے کے وسیلے سے پاک کئے گئے ہیں۔" (عبرانیوں ۱۰:۱۰)

"جب ہم اس کے خون کے باعث اب راستباز ٹھہرے تو اس کے وسیلے سے غضبِ الٰہی سے ضرور بچیں گے۔" (رومیوں ۵:۹)

"خداوند جب تُو اپنی بادشاہی میں آئے تو مجھے یاد رکھنا۔"

یہ ڈاکو یسوع پر
ایمان نہیں لایا
اور نجات سے
محروم رہا۔




یہ ڈاکو یسوع پر ایمان
لایا اور نجات پا گیا۔

"جب ہم گنہگار ہی تھے مسیح ہماری خاطر مرا۔" (رومیوں ۵:۸)

# جتنے خدا کے بیٹے پر ایمان لاتے ہیں ان میں زندگی ہے

"کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔" (یوحنا ۳:۱۶)

"اُس نے ہم کو تاریکی کے قبضے سے چھڑا کر اپنے عزیز بیٹے کی بادشاہی میں داخل کیا جس میں ہم کو مخلصی[1] یعنی گناہوں کی معافی حاصل ہے۔" (کلسیوں ۱:۱۳-۱۴)

[1] مخلصی سے مراد ہے کہ ہمیں قیمت سے خریدا گیا ہے۔

# وہ جی اُٹھا ہے



"فرشتے نے عورتوں سے کہا،
تم نہ ڈرو کیونکہ میں جانتا ہوں کہ
تم یسوع کو ڈھونڈتی ہو جو مصلوب
ہوا تھا۔ وہ یہاں نہیں ہے کیونکہ
وہ اپنے کہنے کے مطابق جی اُٹھا
ہے۔ آؤ یہ جگہ دیکھو جہاں خداوند
پڑا تھا،" (متی ۲۸: ۵-۶)

# یسوع مُردوں میں سے جی اُٹھا

"میں وہ ہوں جو زندہ ہوں۔ میں مرگیا تھا اور دیکھ ابد الآباد زندہ رہوں گا اور موت اور عالمِ اِرواح کی کنجیاں میرے پاس ہیں۔" (مکاشفہ ۱:۱۸)

"کیوں کہ میں جیتا ہوں تم بھی جیتے رہو گے۔" (یوحنا ۱۴:۱۹)

کیونکہ مسیح موت پر فاتح ہوا اور موت کی کنجی اُس کے پاس ہے لہٰذا ہمیں موت کا کوئی خوف نہیں۔

"جس وقت مجھے ڈر لگے گا میں تجھ پر توکّل کروں گا۔" (زبور ۵۶:۳)

(خدا کے وعدے صفحہ ۴۶ پر غور فرمائیں)

## یسوع آپ کو بچا سکتا ہے اور آپ کے لئے شفاعت کر رہا ہے

"کیونکہ وہ لازوال ہے۔ اس لئے جو اس کے وسیلے سے خدا کے پاس آتے ہیں وہ انہیں پوری نجات دے سکتا ہے۔ کیونکہ وہ ان کی شفاعت کے لئے ہمیشہ زندہ ہے۔" (عبرانیوں ۷:۲۴-۲۵)

# آپ اور میں ہمیشہ کی زندگی پا سکتے ہیں




آپ کون سی راہ اختیار کر رہے ہیں ؟

خدا کے ساتھ ابدی زندگی کا راستہ یسوع مسیح ہے۔

شیطان یعنی ابلیس **ہلاکت** کا راستہ ہے

اس لڑکے نے ابدی زندگی کی راہ کا درست چناؤ کیا ہے۔

# آپ کیا چُنیں گے؟

"آج ہی تم اُسے جس کی پرستش کروگے چُن لو۔" (یشوع ۲۴: ۱۵)


"پس تو زندگی کو اختیار کر کہ تو بھی جیتا رہے اور تیری اولاد بھی۔" (استثناء ۳۰: ۱۹)

## یسوع ہی ہمیشہ کی زندگی کی راہ ہے

"اور کسی دوسرے کے وسیلے سے نجات نہیں کیوں کہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلے سے ہم نجات پا سکیں۔"
(اعمال ۴: ۱۲)

"میں ہی یہوواہ ہوں اور میرے سوا کوئی بچانے والا نہیں ہے۔" (یسعیاہ ۴۳: ۱۱)

# ہمیشہ کی زندگی پانے کے لئے ہم یسوع کو کیوں چُنیں؟



۱۔ یسوع ہی تو تھا جو آیا
"میں اس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں۔"........
(یوحنا ۱۰:۱۰)

۲۔ یہ مسیح تھا جس نے ہم سے محبّت کی اور ہمارے لئے مرا۔
"خدا کے بیٹے..... نے مجھ سے محبّت رکھی اور اپنے آپ کو میرے لئے موت کے حوالے کر دیا۔" (گلتیوں ۲:۲۰)


یسوع خون اور گوشت کا انسان بنا جیسے ہم ہیں۔ تاکہ موت کے وسیلے سے اس کو جسے موت پر قدرت

حاصل تھی یعنی ابلیس کو تباہ کر دے۔ اور جو عمر بھر موت کے ڈر سے غلامی
میں گرفتار رہے انھیں چھڑا لے۔" (عبرانیوں ۲: ۱۴-۱۵)

۳۔ فقط یسوع کا خون ہی ہمارے گناہوں کا علاج ہے۔
"صرف خون ہی سے جانوں کا کفّارہ (معافی) ہوتا ہے۔" (احبار ۱۷: ۱۱)

"اس کے بیٹے یسوع کا خون ہمیں تمام گناہوں سے پاک کرتا ہے۔"
(۱یوحنا ۱: ۷)

"جس میں ہم کو مخلصی یعنی گناہوں کی معافی حاصل ہے۔"
(کلسیوں ۱: ۱۴)



۴۔ مسیح مُردوں میں سے جی اُٹھا۔

”یہ جانتے ہیں کہ مسیح جب مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے تو پھر نہیں مرنے کا موت کا پھر اُس پر اختیار نہیں ہونے کا۔“ (رومیوں ۶:۹)

”وہ اس لئے سب کے واسطے مُوا کہ جو جیتے ہیں وہ آگے کو اپنے لئے نہ جیئیں بلکہ اس کے لئے جو اُن کے واسطے مُوا اور پھر جی اُٹھا۔“ (۲ کرنتھیوں ۵:۱۵)

یسوع نے کہا، ”کیوں کہ میں جیتا ہوں تم بھی جیتے رہو گے۔“ (یوحنا ۱۴:۱۹)

۵۔ ابدی زندگی کے لئے جی اُٹھنے کے واسطے ہم میں مسیح کی روح ہونی چاہیئے۔

”مسیح جو جلال کی اُمید ہے تم میں رہتا ہے“ (کلسیوں ۱: ۲۷)

”اگر اُسی کا روح تم میں بسا ہوا ہے جس نے یسوع کو مُردوں میں سے جِلایا تو جس نے مسیح یسوع کو مُردوں میں سے جِلایا وہ تمہارے فانی بدنوں کو بھی اپنے اُس روح کے وسیلے سے زندہ کرے گا جو تم میں بسا ہوا ہے۔“
(رومیوں ۸: ۱۱)

یہ یقیناً بنائیں کہ مسیح کا روح آپ میں بسا ہوا ہے

”جس میں مسیح کا روح نہیں وہ اُس کا نہیں ہے۔ (رومیوں ۸: ۹)

# آپ ابدی زندگی کیسے پا سکتے ہیں؟

"بچہ بھی اپنی حرکات سے
پہچانا جاتا ہے۔
(امثال ۲۰:۱۱)

صفحہ ۴۲ پر دی گئی
ہدایت پر عمل کریں۔



"یسوع مجھے کرتا پیار - بائبل سے یہ ہے آشکار"

# یسوع سب بچّوں کو پیار کرتا ہے

"یسوع نے سب بچّوں کو پاس بلایا اور کہا کہ بچّوں کو میرے پاس آنے دو اور انہیں منع نہ کرو کیونکہ خدا کی بادشاہی ایسوں ہی کی ہے۔" (لوقا ۱۸: ۱۶)

"تمہارا آسمانی باپ یہ نہیں چاہتا کہ ان چھوٹوں میں سے ایک بھی ہلاک ہو۔" (متی ۱۸: ۱۴)

آپ کوئی بھی ہوں کہیں بھی ہوں یسوع آپ سے پیار کرتا ہے اور وہ آپ کے لئے مرا۔ یسوع چاہتا ہے کہ آپ بھی اُسے پیار کریں۔ آپ یسوع سے اپنی محبّت اس کے حکموں پر عمل کرنے سے ظاہر کر سکتے ہیں۔

"اگر تم مجھ سے محبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو گے۔" (یوحنا ۱۴: ۱۵)

# آپ خدا تک پہنچنے کی راہ کیسے معلوم کریں

۱۔ قبول کریں کہ آپ گنہگار ہیں (خدا کی نافرمانی کی)


"کیوں کہ سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے محروم ہیں،" (رومیوں ۳: ۲۳)

۲۔ یسوع مسیح کے وسیلے سے خدا کے حضور آئیں۔

"کیوں کہ خدا ایک ہے اور خدا اور انسان کے بیچ میں درمیانی بھی ایک یعنی یسوع مسیح جو انسان ہے۔" (۱ تیمتھیس ۲: ۵)

"جو اُس کے وسیلے سے خدا کے پاس آتے ہیں وہ اُنہیں پوری پوری نجات دے سکتا ہے۔" (عبرانیوں ۷: ۲۵)

"یسوع نے کہا، جو کوئی میرے پاس آئے گا اُسے میں ہرگز نکال نہ دوں گا۔" (یوحنا ۶: ۳۷)




۳۔ اپنے گناہوں سے توبہ کریں۔

(توبہ سے مُراد گناہوں پر شرمندہ ہوں اور آئندہ گناہ نہ کریں۔)

"توبہ کرو اور رجوع لاؤ تاکہ تمہارے گناہ مٹائے جائیں۔" (اعمال ۳:۱۹)

"خدا ہمارے بارے میں تحمّل کرتا ہے اس لئے کہ کسی کی ہلاکت نہیں چاہتا۔ بلکہ یہ چاہتا ہے کہ سب کی توبہ تک نوبت پہنچے۔" (۲پطرس ۳:۹)

۴۔ یسوع کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کریں۔

(اقرار سے مراد قبول کرنا یا مان لینا ہے۔)


ذیل کی سطروں پر ایوحنا ۱: ۹ لکھیں جو صفحہ ۲۵ پر دعائیہ ہاتھ پر پائی جاتی ہے۔

## ۵۔ اپنے گناہوں کو بھول جائیں۔

(بھولنے سے مُراد دستبردار ہو جانا ہے۔)

"جو اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے کامیاب نہ ہوگا لیکن جو اُن کا اقرار کرکے اُن کو ترک کرتا ہے اُس پر رحمت ہوگی۔" (امثال ۲۸: ۱۳)

"بدی کو چھوڑ اور نیکی کر۔" (زبور ۳۷: ۲۷)



۶- یسوع مسیح پر ایمان لاؤ۔

„اگر تو اپنی زبان سے یسوع کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائے گا۔"

(رومیوں ۱۰:۹)

„خداوند یسوع مسیح پر ایمان لا تو تُو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔"

(اعمال ۱۶:۳۱)

„کیونکہ تم کو ایمان کے وسیلے سے فضل ہی سے نجات ملی ہے۔ یہ خدا کی بخشش ہے۔ یہ اعمال کے سبب سے نہیں تاکہ کوئی فخر نہ کرے۔"

(افسیوں ۲:۸-۹)



## ۷۔ اپنے دل اور زندگی میں یسوع مسیح کو قبول کرلو۔

صرف آپ ہی اپنے دل کا دروازہ کھول کر یسوع کو آنے کی دعوت دے سکتے ہیں۔ یسوع نے کہا، "دیکھو! میں دروازہ پر کھڑا کھٹکھٹاتا ہوں۔ اگر کوئی میری آواز سُن کر دروازہ کھولے گا تو میں اس کے پاس اندر جا کر اُس کے ساتھ کھانا کھاؤں گا اور وہ میرے ساتھ۔"
(مکاشفہ ۳:۲۰)

"لیکن جتنوں نے اسے قبول کیا اُس نے اُنہیں خدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُس کے نام پر ایمان لاتے ہیں۔" (یوحنا ۱:۱۲)

# دعا کے لئے رہبری

اگر آپ نے پہلے دعا نہیں کی ہے اور آپ دعا کے لئے رہبری چاہتے ہیں تو ذیل کی دعا آپ کی رہبر ہوگی :



عزیز خداوند یسوع

میں شکرگزار ہوں کہ تو میرے گناہوں کو لیکر صلیب پر مرگیا ۔
میں اپنی تمام خطاؤں کے لئے شرمندہ ہوں۔ تیرے حضور میری
عرض ہے کہ تو میرے دل میں آ اور ہمیشہ تک اس میں رہ۔ میں اپنے
دل کو صاف کرنے کیلئے اسی وقت تجھ پر ایمان لاتا ہوں۔ میں تجھے
اپنا نجی نجات دہندہ اور خداوند تسلیم کرتا ہوں ۔

یسوع کے نام میں۔ آمین۔

# آپ کے دل میں یسوع کے آنے سے آپ ابدی زندگی کے وارث ہیں

"خدا نے ہمیں ہمیشہ کی زندگی بخشی ہے اور یہ زندگی اُس کے بیٹے میں ہے۔ جس کے پاس بیٹا ہے اُس کے پاس زندگی ہے۔" (۱یوحنا ۵: ۱۱-۱۲)

"جو میرا کلام سنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے۔ ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے۔" (یوحنا ۵: ۲۴)

جب آپ کا جسم مر جاتا ہے آپ خداوند کے ساتھ ہیں۔ (۲کرنتھیوں ۵: ۸)

"مسیح جو جلال کی امید ہے تم میں رہتا ہے۔" (کلسیوں ۱: ۲۷)

اگر آپ نے یسوع سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لی ہے اور آپ خداوند یسوع مسیح کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں تو نیچے اپنا نام لکھئے۔

# آپ یسوع کی پیروی کیسے کریں



خدا کے کلام بائبل سے ہر روز آیات کا مطالعہ کریں اور انہیں دل میں حفظ کریں اور اُن آیات کو یاد کرلیں جو آپ کیلئے مددگار ثابت ہوئیں۔

"تمام صحیفے جو خدا کے الہام سے ہیں تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لیے فائدہ مند بھی ہیں۔"
(۲ تیمتھیس ۳:۱۶)

# دُعا کے ذریعے کسی بھی وقت یسوع سے گفتگو کریں



زندگی کی تمام اچھی چیزیں بخشنے کے لئے یسوع کے شکرگزار ہوں۔
آپ اور آپ کی جان بچانے کے لئے اُس نے جو کچھ کیا اُس کے لئے
اُس کی حمد کریں۔ یسوع کے نام میں اپنی ضرورتوں کے لئے دعا کریں۔

"اگر اس کی مرضی کے موافق کچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سنتا ہے۔" (۱ یوحنا ۵:۱۴)

"اگر باپ سے کچھ مانگو گے تو وہ میرے نام سے تم کو دے گا۔" (یوحنا ۱۶:۲۳)

"ایک دوسرے کے لئے دعا کرو۔" (یعقوب ۵:۱۶)

"اپنے ستانے والوں کیلئے دعا کرو۔" (متی ۵:۴۴)

# یسوع نے اپنے شاگردوں کو دُعا سکھائی

(شاگرد وہ ہے جو یسوع کی پیروی کرتا ہے)

یسوع نے اپنے شاگردوں کو اس طرح دعا کرنے کو کہا:

" اے ہمارے باپ۔ تو جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔ اور جس طرح ہم نے اپنے قرضداروں کو معاف کیا ہے تو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ لا بلکہ برائی سے بچا۔ کیوں کہ بادشاہی اور قدرت اور جلال تیرے ہی ہیں۔ آمین۔

یہ دعا حفظ کر لینی چاہیئے۔ ایمان والے اس دعا کو اکثر سب ساتھ مل کر بولتے ہیں۔

# خدا کے دس احکام ہماری روزمرّہ زندگی کے رہنما ہیں

(خروج ۲۰ باب)

پہلے چار خدا سے ہماری محبت کے بارے میں ہیں۔

۱۔ "میرے حضور تو غیر معبودوں کو نہ ماننا۔"

۲۔ "تو اپنے لئے کوئی تراشی ہوئی مورت نہ بنانا۔ نہ کسی چیز کی صورت بنانا....
تو اُن کے آگے سجدہ نہ کرنا اور نہ اُن کی عبادت کرنا۔"

۳۔ "تو خداوند اپنے خدا کا نام بے فائدہ نہ لینا۔"

۴۔ "یاد کر کے تو سبت کا دن پاک ماننا۔"

آخری چھ انسان سے ہماری محبت کے بارے میں ہیں۔

# دس احکام جاری

۵۔ ”تو اپنے باپ اور ماں کی عزّت کرنا۔“
۶۔ ”تو خون نہ کرنا۔“
۷۔ ”تو زنا نہ کرنا“
۸۔ ”تو چوری نہ“
۹۔ ”تو اپنے پڑوسی کے خلاف جھوٹی گواہی نہ دینا۔“
۱۰۔ ”تو اپنے پڑوسی کی کسی چیز کا لالچ نہ کرنا۔“

## خدا کا فرمانبردار ہونے سے ہماری دعا کا جواب ملتا ہے

”جو کچھ ہم مانگتے ہیں وہ ہمیں اس کی طرف سے ملتا ہے کیوں کہ ہم اُس کے حکموں پر عمل کرتے ہیں اور جو کچھ وہ پسند کرتا ہے اسے بجالاتے ہیں۔“ (ایوحنا ۳:۲۲)

# دو بڑے احکام

## خدا سے محبّت

۱- یسوع نے اس سے کہا، "خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل سے محبت رکھ۔ بڑا اور پہلا حکم یہی ہے۔" (متی ۲۲: ۳۷-۳۸)

## انسان سے محبّت




۲- "اور دوسرا اس کی مانند یہ ہے کہ اپنے پڑوسی سے اپنے برابر محبّت رکھ۔" (متی ۲۲: ۳۹)

ان دو احکام کے دائرہ میں سارے دس احکام (صفحات ۳۴، ۳۵) آجاتے ہیں۔

# محبّت سب سے افضل ہے

## محبت کا افضل باب

(۱ کرنتھیوں ۱۳: ۱-۱۳،۸)

"اگر میں آدمیوں اور فرشتوں کی زبانیں بولوں اور محبت نہ رکھوں تو میں ٹھنٹھناتا پیتل اور جھنجھناتی جھانجھ ہوں۔ اور اگر مجھے نبوّت ملے اور سب بھیدوں اور کُل علم کی واقفیت ہو اور میرا ایمان یہاں تک کامل ہو کہ پہاڑوں کو ہٹا دوں اور محبّت نہ رکھوں تو میں کچھ بھی نہیں۔ اور اگر اپنا سارا مال غریبوں کو کھلا دوں یا اپنا بدن جلانے کو دے دوں اور محبّت نہ رکھوں تو مجھے کوئی بھی فائدہ نہیں۔ محبّت صابر ہے اور مہربان، محبّت حسد نہیں کرتی۔ محبّت شیخی نہیں مارتی اور پھولتی نہیں۔


نازیبا کام نہیں کرتی ۔ اپنی بہتری نہیں چاہتی۔ جھنجلاتی نہیں۔ بدگمانی نہیں کرتی۔ بدکاری سے خوش نہیں ہوتی بلکہ راستی سے خوش ہوتی ہے۔ سب کچھ سہ لیتی ہے۔ سب کچھ یقین کرتی ہے۔ سب باتوں کی امّید رکھتی ہے۔ سب باتوں کی برداشت کرتی ہے۔ محبّت کو زوال نہیں۔ نبوّتیں ہوں تو موقوف ہو جائیں گی زبانیں ہوں تو جاتی رہیں گی۔ علم ہو تو مٹ جائے گا۔

غرض ایمان، اُمّید، محبّت یہ تینوں دائمی ہیں مگر افضل ان میں محبّت ہے۔"

## خدا محبّت ہے

"خدا محبّت ہے۔ اور جو محبّت میں قائم رہتا ہے وہ خدا میں قائم رہتا ہے اور خدا اُس میں قائم رہتا ہے۔" (۱یوحنا ۴:۱۶)

# یسوع چاہتا ہے کہ آپ اس کی بابت دوسروں کو گواہی دیں




(گھر میں، اسکول میں، چرچ میں یا کہیں بھی)

یسوع نے کہا، "اپنے لوگوں کے
پاس اپنے گھر جا اور ان کو خبر دے
کہ خداوند نے تیرے لئے کیسے
بڑے کام کئے اور تجھ پر رحم کیا۔"
(مرقس ۵: ۱۹)

# خدا کے سچّے بچّے کو کیسے جانیں

"پس اُن کے پھلوں سے تم اُن کو پہچان لوگے۔" (متی ۷: ۲۰)

"مگر روح کا پھل محبت خوشی، اطمینان، تحمّل، مہربانی، نیکی، ایمانداری، حلم، پرہیزگاری ہے۔" (گلتیوں ۵: ۲۲، ۲۳)


## خدا کا سچّا بچّہ دوسروں کو معاف کرتا ہے

"اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کروگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کرے گا۔" (متی ۶: ۱۴)

## سات باتیں جن سے خدا نفرت کرتا ہے

"اونچی آنکھیں۔ جھوٹی زبان۔ بے گناہ کا خون بہانے والے ہاتھ۔ بُرے منصوبے باندھنے والا دل۔ شرارت کیلئے تیز رو پاؤں۔ جھوٹا گواہ جو دروغ گوئی کرتا ہے اور جو بھائیوں میں نفاق ڈالتا ہے۔" (امثال ۶: ۱۷-۱۹)

# جسم کے کام





"زناکاری۔ حرام کاری۔ شہوت پرستی۔
بُت پرستی۔ جادوگری۔ عداوتیں۔ جھگڑا۔ حسد۔ غصّہ۔
تفرقے۔ بغض۔ نشہ بازی اور ان کے مانند۔ ایسے
کام کرنے والے خدا کی بادشاہی کے
وارث نہ ہوں گے۔" (گلتیوں ۵: ۱۹-۲۱)

"نہ لونڈے باز، نہ چور نہ لالچی۔" (۱ کرنتھیوں ۶: ۹-۱۰)

## یسوع کی روح سے معمور ہو تاکہ وہ آپ کو پاک کرے

"اور بعض تم میں ایسے ہی تھے بھی مگر تم خداوند یسوع مسیح کے نام سے اور ہمارے خدا کے
روح سے دھل گئے اور راستباز بھی ٹھہرے۔" (۱ کرنتھیوں ۶: ۱۱)

# جہنّم حقیقی جگہ ہے



(پڑھیئے لوقا ۱۶:۱۹ - ۲۶)

یسوع مسیح پر اپنے ایمان کو یقینی بنائیں۔ وہ اپنی کتابِ حیات میں آپ کا نام لکھے گا۔

"اور جس کسی کا نام کتابِ حیات میں لکھا ہوا نہ ملا وہ آگ کی جھیل میں ڈالا گیا۔" (مکاشفہ ۲۰:۱۵)

# خدا تک رسائی کیلئے صرف یسوع ہی راستہ ہے

"خدا نے ہمیں ہمیشہ کی زندگی بخشی اور یہ زندگی اُس کے بیٹے میں ہے۔" (۱یوحنا ۵:۱۱)

"کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے لیکن خدا کی بخشش ہمارے خداوند یسوع مسیح میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔" (رومیوں ۶:۲۳)

" جو بیٹے پر ایمان لاتا ہے ہمیشہ کی زندگی اس کی ہے۔ لیکن جو بیٹے کی نہیں مانتا زندگی کو نہیں دیکھے گا بلکہ اُس پر خدا کا غضب رہتا ہے۔" (یوحنا ۳:۳۶)

"یسوع نے اُس سے کہا" "راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا۔" (یوحنا ۱۴:۶)

# آسمان حقیقی مقام ہے



مکاشفہ ۲۱ باب کی رویا میں یوحنا نے ایک نئے آسمان اور نئی زمین کو دیکھا۔

" اور خدا اُن کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دے گا۔ اس کے بعد نہ موت رہے گی اور نہ ماتم رہے گا۔ نہ آہ و نالہ نہ درد۔ پہلی چیزیں جاتی رہیں۔ اور جو تخت پر بیٹھا ہوا تھا اُس نے کہا دیکھ! میں سب چیزوں کو نیا بنا دیتا ہوں۔" (مکاشفہ ۲۱: ۴، ۵)

یوحنا نے مقدس شہر نئے یروشلم کو آسمان پر سے خدا کے پاس سے اُترتے دیکھا۔ " وہ شہر خالص سونے کا شفاف شیشہ کی مانند تھا۔ اور اس شہر کی شہرپناہ کی بنیادیں ہر طرح کے جواہر سے آراستہ تھیں۔" (مکاشفہ ۲۱: ۱۸-۱۹)

# یسوع ایمان لانے والوں کیلئے گھر تیار کرنے گیا ہے

"تمہارا دل نہ گھبرائے۔ تم خدا پر ایمان رکھتے ہو مجھ پر بھی ایمان رکھو۔ میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں۔ اگر نہ ہوتے تو میں تم سے کہہ دیتا کیونکہ میں جاتا ہوں تاکہ تمہارے لئے جگہ تیار کروں۔ اور اگر میں جاکر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو پھر آکر تمہیں اپنے ساتھ لے لوں گا تاکہ جہاں میں ہوں تم بھی ہو۔" (یوحنا ۱۴: ۱-۳)

## دوسروں کو یہ خوشخبری دو

"یسوع نے کہا، "تم تمام دنیا میں جاکر ساری خلق کے سامنے انجیل کی منادی کرو۔"

(مرقس ۱۶: ۱۵)

"جو روحوں کو جیتتا ہے دانا ہے۔" (امثال ۱۱: ۳۰)

# خدا کے بچّوں کیلئے اُس کے وعدے

"میں تجھ سے ہرگز دست بردار نہ ہوں گا اور کبھی تجھے نہ چھوڑوں گا۔" (عبرانیوں ۱۳: ۵)

"کیوں کہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔" (زبور ۹۱: ۱۱)



"کوئی اُنہیں میرے باپ کے ہاتھ سے نہیں چھین سکتا۔" (یوحنا ۱۰: ۲۹)

"میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔" (متی ۲۸: ۲۰)

"جو دکھ تجھے سہنے ہوں گے اُن سے خوف نہ کر..... جان دینے تک بھی وفادار رہ تو میں تجھے زندگی کا تاج دوں گا۔" (مکاشفہ ۲: ۱۰)


"جب اندھیرے میں بیٹھونگا تو خداوند میرا نور ہو گا۔" (میکاہ ۷: ۸)

"مجھے پکار اور میں تجھے جواب دوں گا۔" (یرمیاہ ۳۳: ۳)

# یسوع پھر آنے والا ہے

سب مُردے زندہ کئے جائیں گے۔

"وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سُن کر نکلیں گے۔ جنھوں نے نیکی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جنھوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے۔" (یوحنا ۵: ۲۸-۲۹)



جو مسیح میں مُوے پہلے جی اُٹھیں گے

"پھر ہم جو زندہ باقی ہوں گے اُن کے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے تاکہ ہوا میں خداوند کا استقبال کریں اور اس طرح ہمیشہ خداوند کے ساتھ رہیں گے۔" (۱ تھسلنیکیوں ۴: ۱۷)

"جاگتے اور دعا کرتے رہو کیوں کہ تم نہیں جانتے کہ وہ وقت کب آئے گا۔" (مرقس ۱۳: ۳۳)



# یسوع کیسے آئے گا

”دیکھو! وہ بادلوں کے ساتھ آنے والا ہے اور ہر ایک آنکھ اُسے دیکھے گی۔“ (مکاشفہ ۱ : ۷)

## جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبیوں سے خبردار رہو۔

”اگر کوئی تم سے کہے کہ دیکھو مسیح یہاں ہے یا وہاں ہے تو یقین نہ کرنا۔ اگر وہ تم سے کہیں کہ دیکھو وہ بیابان میں ہے تو باہر نہ جانا یا دیکھو وہ کوٹھڑیوں میں ہے تو یقین نہ کرنا۔“ (متی ۲۴ : ۲۳، ۲۶)

## یسوع جلدی بادلوں کے ساتھ آئے گا

”کیوں کہ جیسے بجلی پورب سے کوند کر پچھم تک دکھائی دیتی ہے ویسے ہی ابنِ آدم کا آنا ہوگا۔ زمین کی سب قومیں ابنِ آدم کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں گی۔“ (متی ۲۴ : ۲۷، ۳۰)

# چرواہے کا زبور

(زبور ۲۳)

"خداوند میرا چوپان ہے۔ مجھے کمی نہ ہوگی۔ وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے۔ وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔ وہ میری جان کو بحال کرتا ہے۔ وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔ بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی میں سے میرا گزر ہو۔ میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیوں کہ تو میرے ساتھ ہے۔ تیرے عصا اور تیری لاٹھی سے مجھے تسلّی ہے۔ تو میرے دشمنوں کے روبرو میرے آگے دسترخوان بچھاتا ہے۔ تو نے میرے سر پر تیل ملا ہے۔ میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔ یقیناً بھلائی اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہیں گی اور میں ہمیشہ خداوند کے گھر میں سکونت کروں گا۔"

Published in numerous languages by World Missionary Press, Inc. as God supplies funds in answer to prayer. If you would like more copies for prayerful distribution, specify which language(s) you need and how many booklets.

For more information or to request a free Bible study, please write to:

**WMP**
**India Bible Literature**
**67 Beracah Road**
**Kilpauk, Chennai 600 010**



مُفت تقسیم کے لئے، بیچنے کے لئے نہیں۔

Read booklets online or by App
www.wmp-readonline.org

www.wmpress.org 8-17 2242 Urdu WTG